ڈاکٹر ریاض قدیر

# ''کارواں'' - اردو زبان کا پہلا ادبی سالنامہ

اردو کے ادبی رسائل کی تاریخ میں ''کارواں'' کو اوّلین سالنامہ ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ سالنامہ'' کارواں'' ڈاکٹر ایم ڈی تاثیر نے محلّہ چابک سواراں لاہور سے ۱۹۳۳ء میں جاری کیا تھا۔ اس سالنامے کے دو ضخیم شمارے ۱۹۳۳ء اور ۱۹۳۴ء میں شائع ہوئے۔ دونوں شمارے جملہ صوری و معنوی محاسن سے مزین تھے۔

اوّلین شمارہ بابت ۱۹۳۳ء بڑی تقطیع کے ۳۱۲ صفحات پر مشتمل ہے۔ صحت کتابت اور حسن ذوق کا خاص اہتمام کیا گیا ہے۔ ٹائٹل کی زمین ہلکے سلیٹی رنگ کی ہے۔ اوپر سرخ زمین پر سفید خاکستری اور گہرے سرخ رنگ میں ایک نستعلیق بیل دار حاشیہ ہے اور پھر اس حاشیے کے نیچے ایک اور حاشیہ ہے، جہاں مزید نیچے ایک کبوتر ایک خوب صورت بڑی بڑی آنکھوں والی دوشیزہ کے سر کی اوڑھنی پر بطور قاصد اترتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ اس طرح یہ ٹائٹل اپنی ندرت اور اعلیٰ درجے کے صناعی میں دھیمے اور شوخ رنگوں کا جاذب نظر مرقع بن گیا ہے جو دوشیزہ اور کبوتر کی علامتوں کی رمزیت کے حوالے سے پیام و سلام محبت اور امن و آشتی کی زندگی بخش فضا کا مظہر ہے۔ اس شمارے کے محاسن ظاہری کے بارے میں اس دور کے معروف ادبی ماہنامہ'' زمانہ'' کانپور کے ایڈیٹر دیا نرائن نگم نے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے لکھا تھا۔

''محاسن ظاہری یعنی لکھائی چھپائی آرائش و زیبائش اور کاغذ کے اعتبار سے ہم بلاخوف تردید کہہ سکتے ہیں کہ سالنامہ ''کارواں'' لاہور سے زیادہ حسین و جمیل رسالہ اس سال ہندوستان میں کوئی دوسرا شائع نہیں ہوا۔''(۱)



Scanned by CamScanner

سالنامہ ''کارواں'' بابت ۱۹۳۳ء میں علم و ادب اور فنون لطیفہ پر مشتمل کل پچاسی تحریریں شامل ہیں جو نظموں، غزلوں، افسانوں، شذرات نیز علمی و تنقیدی مضامین اور غیر ملکی تراجم پر مبنی ہیں۔ آخر میں مشرق و مغرب کی تازہ مطبوعات پر تبصرے بھی شامل کیے گئے ہیں۔ ان تحریروں میں نظم و نثر پر مبنی نو ادب پارے تاثیر کے قلم کا اعجاز ہیں، گویا تاثیر محض نام کے مرتب نہیں جو دیگر ادباء و شعراء کی نگارشات عالیہ سے اپنا دفتر سخن سجا کر خود کو نامور بناتے ہیں۔ بلکہ وہ ایک فعال شاعر، ادیب اور نقاد کے طور پر اس عظیم الشان کارواں ادب کے رہرو بھی ہیں اور رہنما بھی۔ سالنامہ ''کارواں'' کے اوّلین شمارے بابت ۱۹۳۳ء کا ایک قابل ذکر امتیازی اختصاص یہ ہے کہ اس کے قلمکاروں میں علامہ اقبال کا نام بھی شامل ہے۔ علامہ اقبال کی غزل:

اپنی جولاں گاہ زیر آسماں سمجھا تھا میں
آب و گل کے کھیل کو اپنا جہاں سمجھا تھا میں

نہایت اہتمام کے ساتھ اعلیٰ درجے کی کتابت میں جلی رنگوں کے ایک منقش تابدار حاشیے سے مزین کر کے شائع کی گئی ہے۔ ''سخن ہائے گفتنی'' کے نام سے لکھے گئے دیباچے میں تاثیر نے اس غزل کی شان نزول کا پورا واقعہ بھی تحریر کیا ہے کہ کس طرح علامہ اقبال سے ''کارواں'' کے لیے غیر مطبوعہ کلام کا تقاضا کیا گیا اور اقبال نے ڈاکٹر تاثیر سے ان کی غزل:

زلف آوارہ، گریباں چاک، او مستِ شباب
تیری صورت سے تجھے درد آشنا سمجھا تھا میں

سنی اور اس کے قافیے میں تبدیلی کر کے فی البدیہہ نئی غزل کہہ ڈالی اور کارواں'' کے اس شمارے کے لیے عنایت کی (۲) کارواں میں شائع ہونے والی اقبال اس غزل کے نیچے ''فی البدیہہ'' کے الفاظ تحریر ہیں۔



Scanned by CamScanner

اسی طرح ''کارواں'' کے اس شمارے میں محمد حسین آزاد کے تحریر کردہ ایک ڈرامے ''ابوالحسن'' کا پہلا ایکٹ بھی شائع ہوا ہے۔ یہ تحریر بھی ایک ادبی نوادر ہے جو محمد حسین آزاد کی ایک نامعلوم ادبی جہت کو سامنے لاتی ہے۔

اردو ادب کی معاصر نمائندہ تحریروں کے علاوہ عالمی ادب سے انتخاب اور دیگر زبانوں کے کلاسیکی ادب پاروں کے تراجم نیز آرٹ اور فنون لطیفہ پر تنقیدی مضامین نے مجلے کو نہایت وقیع بنادیا ہے۔ فن مصوری کے چوبیس شاہکار بھی اس شمارے کی زینت ہیں۔ مصور مشرق عبدالرحمٰن چغتائی کے فنی شاہکاروں کے ساتھ ساتھ معروف مغربی مصوروں کی نمائندہ تصاویر بھی شامل کی گئی ہیں۔ ان تصاویر میں ایک ہفت رنگ ہے۔ دو تصاویر چہار رنگی ہیں۔ سات تصاویر سہ رنگی ہیں، تین تصاویر دورنگی اور گیارہ تصاویر یک رنگی ہیں۔ ''سخن ہائے گفتنی'' کے نام سے تاثیر نے جو دیباچہ تحریر کیا ہے۔ وہ بذات خود ایک علمی و تنقیدی مقالے کی حیثیت رکھتا ہے۔ جس میں ملک کی علمی ادبی فضا، فنون لطیفہ کی صورت حال اور فروغ ادب وفن کے تقاضوں پر بھرپور انداز میں روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس دور میں ملک کی علمی و ادبی صورت حال میں اس مجلے کی ضرورت و اہمیت کو واضح کیا گیا ہے۔ اور ''کارواں'' کے اجراء کے درج ذیل مقاصد بیان کیے گئے ہیں۔

۱۔ طویل اور سنجیدہ علمی و تحقیقی مضامین و مقالات کے لیے وسعت اور گنجائش پیدا کرنا جو معمولی ادبی رسالوں میں نہیں سما سکتے۔

۲۔ فن مصوری اور تصویر شناسی کا ذوق پیدا کرنا۔

۳۔ نوجوان ادباء اور شعراء کی حوصلہ افزائی کرنا۔

۴۔ نئے اور معیاری ادب کی نمائندگی۔

۵۔ فوٹو گرافی اور آرٹ کے نئے رجحانات سے قارئین کو متعارف کروانا۔

Scanned by CamScanner

۶۔ دیگر زبانوں کے علوم و فنون سے اردو قارئین کو آگاہ کرنا۔

مجلے کے اختتام میں "استدعا" کے عنوان سے تحریر میں "کارواں" کے بارے میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ "یہ اپنی طرز اور اپنی نوعیت کے اعتبار سے بالکل نئی چیز ہے۔ اگرچہ یورپ میں اکثر علمی رسائل سال میں صرف ایک ہی بار شائع ہوتے ہیں لیکن ہندوستان میں اپنی قسم کی یہ پہلی کوشش ہے جو سالنامہ کارواں کی صورت میں ظاہر ہوئی ہے۔ رفتہ رفتہ ہر حیثیت سے اعلیٰ پایہ کے مغربی رسائل کے برابر دلچسپ کرنے کی کوشش کی جائے گی۔"(۳)

"کارواں" اپنے اس دعوے پر صرف دو سال تک عمل کر سکا۔ تاثیر کی سیمابی طبیعت انہیں نئے نئے علمی محاذوں پر سرگرم رکھتی تھی۔ ان کی علمی سرگرمیوں کے کئی رخ تھے۔ حصول علم کی تڑپ ان کے سینے میں ہمیشہ موجزن رہی۔ لہذا وہ ۱۹۳۳ء کے آخر میں اعلیٰ تعلیم (پی ایچ ڈی) کے حصول کے لیے عازم لندن ہو گئے۔

تاثیر کی عدم موجودگی میں "کارواں" کا صرف ایک اور شمارہ ۱۹۳۴ء میں منظر عام پر آ سکا، جسے مجید ملک نے مرتب کر کے شائع کیا۔

"کارواں" کا یہ دوسرا شمارہ بھی اپنی ضخامت، موضوعات کی وسعت، علمی و ادبی معیار اور طباعت کی تاب و تب کے اعتبار سے پہلے شمارے سے کسی طرح کم نہ تھا۔ اس شمارے کا ٹائٹل بھی مصوری کے اعلیٰ نمونے کا مظہر ہے۔ "سالنامہ کارواں" کے جلی حروف کے دونوں طرف جنگلی پھولوں کے پس منظر میں دو دو ہرنوں کی تصاویر فطرت کے حسن اور معصومیت کا گہرا تاثر چھوڑتی ہیں۔

۳۴۵ صفحات کی ضخامت کے اس مجلے میں مختلف علمی، ادبی اور فنی موضوعات پر مبنی نظم و نثر کے چوہتر (۷۴) ادب پارے شامل کیے گئے ہیں۔ رسالے کے مقصد کو مدنظر رکھتے ہوئے قارئین کے ذوقِ مصوری کی تسکین کے لیے اڑتیس (۳۸) تصاویر بھی شامل کی گئی ہیں۔ جن میں ایک تصویر چھ رنگی، ایک چہار رنگی، سات



Scanned by CamScanner

تصاویر سہ رنگی، پانچ تصاویر دو رنگی اور چوبیس تصاویر یک رنگی ہیں۔

سالنامہ ''کارواں'' کے دونوں شماروں ۱۹۳۳ء اور ۱۹۳۴ء کے سرورق پر ''مشرق و مغرب کے علوم و فنون کا بہترین مرقع'' کے الفاظ تحریر کیے گئے ہیں۔ مجلّے کے دونوں شماروں کے مندرجات اور تصاویر پر نظر ڈالنے سے اس دعوے کی تصدیق ہوتی ہے کیونکہ ان دونوں شماروں میں مختلف علمی، ادبی اور فنی موضوعات پر ملکی و غیر ملکی ادباء و شعراء اور ماہرین فن کی ایک سو انسٹھ (۱۵۹) تحریریں جمع ہو گئی ہیں جو اعلیٰ فنی معیارات کی حامل ہیں۔ اس طرح قومی و بین الاقوامی مصوری کے باسٹھ (۶۲) شاہکار قارئین کے ذوق نظر کا سامان مہیا کرتے ہیں۔

سالنامہ ''کارواں'' کے دونوں شمارے اردو زبان و ادب کے صفِ اول کے لکھاریوں کی نگارشات سے مزیّن ہیں۔ جن میں علامہ محمد اقبال، مولوی عبدالحق، حافظ محمود شیرانی، اکبر الہ آبادی، رشید احمد صدیقی، سید سلیمان ندوی، عبدالرحمٰن بجنوری، یاس یگانہ چنگیزی، اصغر گونڈوی، عبدالرحمٰن چغتائی، عبدالقادر سروری، محی الدین قادری زور، امتیاز علی تاج، صوفی غلام مصطفیٰ تبسم، پطرس بخاری، حفیظ جالندھری، عبدالمجید سالک، محمود نظامی، حجاب اسماعیل، ناطق گلاٹوی، ثاقب کانپوری، غلام رسول مہر، عبداللطیف تپش اور رسا جالندھری جیسے نام شامل ہیں۔

سالنامہ ''کارواں'' کے ان شماروں میں اردو ادب کے تازہ اور منتخب ادبی فن پاروں کے متوازی عالمی کلاسیکی ادب (عربی، فارسی، انگریزی، فرانسیسی وغیرہ) سے تراجم بھی شاملِ اشاعت کیے گئے تاکہ قارئین دیگر زبانوں کے علوم و فنون اور عالمی ادبی معیارات کا شعور حاصل کر سکیں۔

سالنامہ ''کارواں'' کے صرف دو شمارے اشاعت پذیر ہو سکے۔ تاثیر کی لندن روانگی کے باعث ''کارواں'' اپنا سفر جاری نہ رکھ سکا۔ تاہم ادبی رسائل کی تاریخ میں ''کارواں'' کا نام اس حوالے سے ہمیشہ زندہ رہے گا کہ یہ اردو زبان میں شائع ہونے والا



Scanned by CamScanner

اولین سالنامہ ہے جس نے اردو رسائل کے سالناموں اور سالانہ ادبی مجموعہ
مجموعے شائع کرنے کی بنیاد رکھی۔

••○•○•••

## حواشی

۱۔ ماہنامہ "زمانہ" کانپور جلد ۶۰ نمبر ۵ بابت مئی ۱۹۳۳ء، ص ۳۱

۲۔ سالنامہ "کارواں" لاہور ۱۹۳۳ء، ص ۲۰۹

۳۔ ایضاً، ص ۳۱۳



Scanned by CamScanner

[illegible]

مشرق و مغرب کے علوم و فنون کا معیاری رسالہ

# سالنامہ کاروان ۱۹۳۳ء

مرتبہ

## پروفیسر تاثیر ایم۔ اے

مینجر رسالہ کاروان چابک سواران۔ لاہور

قیمت عہ



Scanned by CamScanner

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | مضمون | صاحب مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| | سخنہائے گفتنی | پروفیسر تاثیر ایم - اے | ۳ |
| ۱ | جاوید نامہ | چودھری | ۹ |
| ۲ | محبت کا گیت | پروفیسر تاثیر ایم - اے | ۲۱ |
| ۳ | رنگ | محمد رضا نیشاپوری | ۳۲ |
| ۴ | تصاویر | پروفیسر تاثیر ایم - اے | ۳۳ |
| ۵ | مصوری اور اس پر تنقید | میاں عبدالرفیع صاحب بی - ایس - سی | ۳۹ |
| ۶ | مصوری | سیزانی | ۴۱ |
| ۷ | تین نغمے | ابوالاثر حفیظ جالندھری | ۴۲ |
| ۸ | لا = صفر | سید نذیر احمد صاحب ایم - اے - بی - ایس - سی | ۴۶ |
| ۹ | آرٹ | ولیم بلیک | ۵۷ |
| ۱۰ | میں | جناب مجید ملک | ۵۸ |
| ۱۱ | ایمبروسس بیئرس | نظامی قدوسی ایم - اے | ۵۹ |
| ۱۲ | آسمانی سوار | صوفی غلام مصطفیٰ صاحب تبسم ایم - اے | ۶۳ |
| ۱۳ | دیوتاؤں کا رقص | غلام عباس | ۶۸ |
| ۱۴ | فریب وفا | شہباز کشمیری ایم - اے | ۶۹ |


Scanned by CamScanner

| نمبر شمار | مضمون | صاحب مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ۱۵ | مصور کامل | ایک ہندی مصور | ۷۳ |
| ۱۶ | قند پارسی | صوفی غلام مصطفیٰ صاحب تبسم ایم۔اے | ۷۴ |
| ۱۷ | ارتقا | سید ارشاد احمد صاحب ایم۔اے | ۷۵ |
| ۱۸ | جوش محبت | مرحومہ ز۔خ۔ش | ۸۲ |
| ۱۹ | شاعر | سردار کشمیر اسنگھ ایم۔اے | ۸۴ |
| ۲۰ | جدید ہندوستانی مصوری | مرزا حسن عسکری بی۔اے | ۸۵ |
| ۲۱ | سزا | حضرت راشد وحیدی ایم۔اے | ۹۴ |
| ۲۲ | ہرنی | غلام عباس | ۹۶ |
| ۲۳ | جدید تھیٹر اور ڈرامہ | جمیل الرحمٰن صاحب بی۔اے | ۹۷ |
| ۲۴ | ایک تصویر | ممتاز حسن احسن ایم۔اے | ۱۰۴ |
| ۲۵ | اردو شاعری کا مستقبل اور چند رکاوٹیں | عبدالقادر صاحب سروری | ۱۰۵ |
| ۲۶ | چمکیلی صبح ـــ ڈراما | میر سید امتیاز علی تاج بی۔اے | ۱۰۹ |
| ۲۷ | یگانہ آرٹ | میرزا یگانہ صاحب لکھنوی سب جسٹرار عثمان آباد دکن | ۱۲۰ |
| ۲۸ | حضرت سالک کا خط | مولینا عبدالمجید سالک بی۔اے مدیر انقلاب | ۱۲۱ |
| ۲۹ | زہرہ کے بندے | مولینا عبدالمجید سالک بی۔اے مدیر انقلاب | ۱۲۲ |
| ۳۰ | فنون جمیلہ کے آٹھ الواح | پروفیسر تاثیر ایم۔اے | ۱۲۴ |
| ۳۱ | قوس قزح | پروفیسر تاثیر ایم۔اے | ۱۲۵ |
| ۳۲ | نغمات حیات | رؤف | ۱۲۷ |
| ۳۳ | کلام اصغر | حضرت اصغر گونڈوی | ۱۲۸ |
| ۳۴ | آسمانی چوڑی | رشیدہ ذکاء اللہ صاحبہ بی۔اے | ۱۲۹ |
| ۳۵ | مرہٹی افسانوی ادب | مولوی غلام رسول صاحب حیدرآباد دکن | ۱۳۵ |
| ۳۶ | ہندوستان میں اسلامی فن تعمیر | مرزا ابوسلیم تاتاری | ۱۴۱؟ |
| ۳۷ | دعای صحرا | حضرت ابوالاثر حفیظ جالندھری | ۱۵۴ |
| ۳۸ | عورت | حضرت چغتائی | ۱۵۶ |
| ۳۹ | عربوں کا علم موسیقی اور اس کا اثر یورپ پر | صوفی غلام مصطفیٰ صاحب تبسم ایم۔اے | ۱۵۷ |
| ۴۰ | بادۂ کہن | عرفی | ۱۶۱ |




Scanned by CamScanner

| نمبر شمار | مضمون | صاحب مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ۴۱ | غزل | محمد کبیر خاں رسا جالندھری | ۱۶۲ |
| ۴۲ | جواہر منثور | محمد ناصر نیشاپوری | ۱۶۳ |
| ۴۳ | خزاں اور شبنم | عبدالرحیم اصغر | ۱۶۴ |
| ۴۴ | چھاتا | حضرت ایم۔ ایم۔ اسلم مصنف مرزا جی | ۱۶۵ |
| ۴۵ | پہرہ دار | آغا حمید بی۔ اے | ۱۶۶ |
| ۴۶ | بادۂ کہن | صائب | ۱۷۲ |
| ۴۷ | مجسمہ | غلام عباس صاحب مدیر اخبار پھول | ۱۷۳ |
| ۴۸ | آرٹ | وسلر | ۱۷۷ |
| ۴۹ | شاعر | عبدالرحیم اصغر | ۱۷۸ |
| ۵۰ | غریبوں کا دل | ہارون | ۱۷۹ |
| ۵۱ | نعرۂ مستانہ | شیخ عبداللطیف صاحب تپش ایم۔ اے | ۱۸۰ |
| ۵۲ | مرقع | حضرت چغتائی | ۱۸۱ |
| ۵۳ | تنہائی | پروفیسر تاثیر ایم۔ اے | ۱۸۸ |
| ۵۴ | گل خودرو | عبدالرحیم اصغر | ۱۸۹ |
| ۵۵ | رباعیات یگانہ | میرزا یگانہ صاحب لکھنوی | ۱۹۵ |
| ۵۶ | ارتقی | غلام عباس | ۱۹۶ |
| ۵۷ | ڈرامہ ابوالحسن | مولانا محمد حسین آزاد مرحوم | ۱۹۷ |
| ۵۸ | خودبینی | | ۲۰۱ |
| ۵۹ | لیکچرار بیوی | | ۲۰۲ |
| ۶۰ | قصہ چہار درویش | پروفیسر تاثیر ایم۔ اے | ۲۰۵ |
| ۶۱ | بادۂ کہن | پروفیسر محمود شیرانی صاحب لیکچرار پنجاب یونیورسٹی | ۲۱۹ |
| ۶۲ | اکبر مرحوم کا خط قبلہ سید ممتاز علی صاحب کے نام | اسیر | ۲۲۰ |
| ۶۳ | عبدالحلیم شرر (ایک بے لاگ تنقید) | اکبر مرحوم | ۲۲۱ |
| ۶۴ | جوئے آب اور نغمہ | پروفیسر فیاض محمود صاحب گیلانی ایم۔ اے | ۲۳۱ |
| ۶۵ | ساغر | امجد شیرازی | ۲۳۲ |
| ۶۶ | گوسٹے | حضرت چغتائی / محمد اشرف صاحب بی۔ اے | ۲۳۳ |




Scanned by CamScanner

| نمبر شمار | مضمون | صاحب مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ۶۷ | زبان اور سیاسیات | ڈاکٹر غلام محی الدین صاحب زور | ۲۴۱ |
| ۶۸ | محکوم کا اثر حاکم پر | ادیب الملک نواب نصیر حسین خیال | ۲۴۵ |
| ۶۹ | مخاصمت | محمود نظامی | ۲۴۹ |
| ۷۰ | بچہ کی موت پر | رعنا | ۲۵۲ |
| ۷۱ | بچہ کی پیدائش پر | رعنا | ۲۵۲ |
| ۷۲ | چینی کا مرتبان | غیر معروف جرنلسٹ | ۲۵۳ |
| ۷۳ | پھول اور قبر | شاہد | ۲۵۹ |
| ۷۴ | ایک پرانی لے | عثمان | ۲۶۰ |
| ۷۵ | افکار | حضرت مجید ملک | ۲۶۱ |
| ۷۶ | خیال ظل | ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ صاحب ایم۔اے۔پی ایچ ڈی | ۲۶۷ |
| ۷۷ | تہذیب فرنگ | سید ایم۔اے بخاری۔و۔بدرالدین بدر | ۲۶۹ |
| ۷۸ | استاد کمال الدین بہزاد | مولوی محمد عبداللہ چغتائی | ۲۷۷ |
| ۷۹ | اقبال یورپ اور قوم پرستی | رشید طارق | ۲۹۳ |
| ۸۰ | رقص حیات | پروفیسر تاثیر ایم۔اے | ۲۹۶ |
| ۸۱ | جدید ترکی ادبیات | محمد حمید الدین صاحب ایم۔اے | ۲۹۷ |
| ۸۲ | بادۂ کہن | عشقی | ۳۰۰ |
| ۸۳ | مسلمانوں کا قومی نشان | مولوی محمد عبداللہ چغتائی | ۳۰۱ |
| ۸۴ | فطرت اور شاعر | حمید بی۔اے | ۳۰۴ |
| ۸۵ | یورپ کی جدید مطبوعات | پروفیسر تاثیر و دیگر احباب | ۳۰۵ |


Scanned by CamScanner

# تصاویر

| | |
|---|---|
| غزل علامہ سر اقبال | ہفت رنگ |
| اقبال اور چغتائی | سہ رنگ |
| عمل چغتائی | سہ رنگ |
| عمل چغتائی | سہ رنگ |
| اثر الٰہ بخش | سہ رنگ |
| عمل اصغر | سہ رنگ |
| عمل قادری | سہ رنگ |
| مغربی عمر خیام (پوگینی) | سہ رنگ |
| جدید مغربی آرٹ | چار رنگ |
| آہنگ خطوط | چار رنگ |
| اعتماد الدولہ آگرہ | دو رنگ |
| پنج محل سیکری | دو رنگ |
| مغربی آرٹ (ڈیولک) | دو رنگ |
| اثر بہزاد | یک رنگ |
| اثر بہزاد | یک رنگ |
| عمل رضا عباسی | یک رنگ |
| عمل رضا عباسی | یک رنگ |
| جاپانی آرٹ | یک رنگ |
| سلطان محمد ثانی فاتح قسطنطنیہ | یک رنگ |
| اثر امیر علی | یک رنگ |
| اثر آقا عبد الرشید دیلمی | یک رنگ |
| جدید فوٹوگرافی | یک رنگ |
| جدید سنگ تراشی | یک رنگ |
| قدیم سنگ تراشی | یک رنگ |



Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مشرق و مغرب کے علوم و فنون کا بہترین مرقع

# سالنامہ




۱۹۳۴ عیسوی

## کاروان چابک سواران لاہور



Scanned by CamScanner

# فہرستِ مضامین


| نمبر شمار | مضامین | صاحب مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | سخنہائے گفتنی | مجید ملک | ۱ |
| ۲ | تصاویر | "نقاد" | ۹ |
| ۳ | گذارش احوال واقعی | مینیجر | ۳۵۰ |
| ۴ | یوپی کے تنقید نگاروں کی خدمت میں۔ | نیازمندانِ لاہور | ۱۲ |
| | **علمی مضامین** | | |
| ۵ | اسلامی کوزہ گری | میرزا ادیب روی | ۱۷ |
| ۶ | اردو | مولوی عبدالحق (مترجم سردار عبدالحمید) | ۲۹ |
| ۷ | میرزا قتیل اور مثنوی پر منیر | ڈاکٹر سید محی الدین قادری ایم اے پی۔ ایچ۔ ڈی | ۴۱ |
| ۸ | قلم کاری کا آرٹ | آغا عبدالحمید بی۔ اے (آنرز) | ۵۳ |
| ۹ | نثری افسانوں کا ارتقا | عبدالقادر سہروردی ایم۔ اے | ۶۱ |
| ۱۰ | اردو ڈرامہ کی مفاہمتیں | سید امتیاز علی تاج بی۔ اے | ۶۵ |
| ۱۱ | معمارِ تاج | مولوی محمد عبداللہ چغتائی | ۱۲۵ |
| ۱۲ | منتخب اشعار | سر عبدالقادر۔ مولینا سید سلیمان ندوی، ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم، مولینا عبدالمجید سالک، مولینا غلام رسول مہر | ۲۳۳ |
| ۱۳ | چغتائی کا آرٹ | ڈاکٹر جیمز کزنز (مترجمہ مس رشید ذکاء اللہ بی۔ اے) | ۲۳۹ |
| ۱۴ | پنجاب میں اردو کا ایک فراموش شدہ ورق | حافظ محمود شیرانی | ۲۸۵ |
| ۱۵ | مسلمانوں میں مصوری کا ارتقا | محمد عبداللہ چغتائی | ۲۹۳ |
| ۱۶ | چغتائی ببلیغی | محمد عبداللہ چغتائی | ۳۳۳ |
| | **افسانے (طبعزاد)** | | |
| ۱۷ | گاڑی بان | سراج الدین (ناگامیاں) بی۔ اے (لنڈن) | ۴۵ |
| ۱۸ | ــــــ "کہ عالم دوبارہ نیست" | سید امتیاز علی تاج بی اے | ۱۰۰ |
| ۱۹ | آپ بیتیاں | مجید ملک | ۱۱۷ |




Scanned by CamScanner

| شمار | مضمون | صاحب مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ۲ | کامیاب ناکام | آغا عبدالحمید بی اے آنرز | ۱۵۳ |
| ۲ | تاجدار | رحمٰن چغتائی | ۲۱۷ |
| ۲ | شکارے والی | ایم اسلم | ۲۴۱ |
| ۲۱ | محبت کا گیت | غلام عباس | ۲۵۷ |
| | **افسانے (تراجم)** | | |
| ۲ | سیب کا درخت (گالزوردی) | پطرس (سید احمد شاہ بخاری بی اے کینٹب) | ۱۶۹ |
| ۲ | بجاری (ییٹما زاکی توسون) | فضل حسین | ۲۵۱ |
| ۲ | لومڑ دیوتا (بورس پلیناک) | غیر معروف جرنلسٹ | ۲۶۹ |
| ۲ | دیا سلائی (چارلس لوئی فلپ) | شیخ قمرالدین بی اے ایل ایل بی | ۲۷۷ |
| | **مزاحیہ مضامین** | | |
| ۲ | ـــ "کارواں پیداست" | رشید احمد صدیقی ایم ۔ اے | ۶۵ |
| ۲ | میرا مرزا (انگارہ) | آغا حیدر حسن | ۷۸ |
| ۳ | اے ۔ آے ۔ آے | رکن الدولہ شمشیر جنگ نواب سجاد علی خاں (نواب آف کرنال) | ۱۴۲ |
| ۳ | لاہور کا جغرافیہ | پطرس (سید احمد شاہ بخاری بی ۔ اے کینٹب) | ۱۶۵ |
| | **ایک ایکٹ کے کھیل** | | |
| ۳۱ | برفباری کی ایک رات | سید امتیاز علی تاج بی ۔ اے | ۱۰۹ |
| ۳۲ | پرانے دوست | مجید ملک | ۱۳۷ |
| ۳۳ | گورکھ دھندا | مجید ملک | ۳۱۷ |
| | **ادب لطیف** | | |
| ۳۵ | نکات | مجید ملک | ۲۵ |
| ۳۶ | مشورہ | رحمٰن چغتائی | ۵۱ |
| ۳۷ | ہسپتال | سید امتیاز علی تاج ۔ بی ۔ اے | ۱۰۸ |
| ۳۸ | آخری وصیت | ماتر لنک | ۱۲۴ |
| ۳۹ | انسان کر شیطان | فلک پیما | ۱۵۷ |
| ۴۰ | محبوبہ سے درخواست (آسکر وائیلڈ) | عبدالمجید سالک | ۲۲۵ |
| ۴۱ | مد و جزر | مجید ملک | ۲۸۱ |
| ۴۲ | حسن اور رومان کی دنیا | مس حجاب امتیاز | ۲۸۴ |
| ۴۳ | وارث | رحمٰن چغتائی | ۲۹۱ |




Scanned by CamScanner

| نمبر شمار | مضمون | صاحب مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| | **نظم** | | |
| ۴۴ | شعر اقبال | سر محمد اقبال | |
| ۴۵ | صبح بنارس | عبدالرحمن بجنوری (مرحوم) | ۴۰ |
| ۴۶ | احسن الکلام | مولینا احسن مارہروی | ۵۲ |
| ۴۷ | زہرا | مولینا سید سلیمان ندوی | ۷۶ |
| ۴۸ | تحفۂ درویش | ز۔خ۔ش (مرحومہ) | ۸۱ |
| ۴۹ | شاعر سے رات کی سرگوشیاں | خواجہ مسعود احمد ذوقی بی۔اے علیگ | ۸۲ |
| ۵۰ | سوال | مجید ملک | ۱۱۶ |
| ۵۱ | فطرت اور انسان | ن۔م۔ راشد وحیدی | ۱۲۲ |
| ۵۲ | آغاز | مجید ملک | ۱۲۵ |
| ۵۳ | زمزمہ پردازیاں | نواب فصاحت یار جنگ جلیل لکھنوی (بوساطت ظہیر لکھنوی) | ۱۳۶ |
| ۵۴ | نغمات حفیظ | ابوالاثر حفیظ جالندھری | ۱۴۵ |
| ۵۵ | شعبدۂ صنعت | میرزا محمد ہادی عزیز لکھنوی | ۱۶۱ |
| ۵۶ | روح نشاط | مولینا اصغر حسین اصغر گونڈوی | ۱۶۲ |
| ۵۷ | زمودۂ پطرس | پطرس (سید احمد شاہ بخاری بی۔اے کینٹب) | ۲۱۳ |
| ۵۸ | آرزو | ممتاز حسن احسن ایم۔اے | ۲۱۴ |
| ۵۹ | تقدیر | مجید ملک | ۲۱۵ |
| ۶۰ | تغزل | عبدالمجید حیرت | ۲۱۶ |
| ۶۱ | عورت کی محبت | میاں محمد دین تاثیر ایم۔اے | ۲۳۰ |
| ۶۲ | کلام تپش | شیخ عبداللطیف تپش ایم۔اے۔ایم۔او۔ایل | ۲۳۱ |
| ۶۳ | غزل وحشت | خان بہادر رضا علی وحشت | ۲۳۲ |
| ۶۴ | جام باقی | ابوالعلا ناطق لکھنوی (بوساطت نظیر لکھنوی) | ۲۵۵ |
| ۶۵ | سرود شبانہ | فیض احمد فیض ایم اے | ۲۵۶ |
| ۶۶ | جذبات ثاقب | ابو محمد ثاقب کانپوری | ۲۷۵ |
| ۶۷ | کلام یگانہ | میرزا یگانہ چنگیزی لکھنوی | ۲۷۶ |
| ۶۸ | غزل رسا | محمد کبیر خاں رسا جالندھری | ۲۸۰ |
| ۶۹ | تاثرات | میاں محمد دین تاثیر ایم۔اے | ۳۲۲ |
| ۷۰ | گناہ کیست؟ (منتخب اشعار) ؟ | ن۔م۔ر۔ | ۳۳۶ |
| ۷۱ | ارمی غزلیات | نواب سجاد علی خاں تبسّل - احسن مارہروی - خاں بہادر رضا علی وحشت<br>شیخ عبداللطیف تپش | ۳۴۸ |
| | **تبصرے** | | |
| ۷۲ | اناٹومی | مرزا محمد سعید ایم۔اے | ۳۳۷ |
| ۷۳ | مجموعۂ نغز | ڈاکٹر محمد اقبال ایم۔اے۔پی ایچ ڈی (اورینٹل کالج لاہور) | ۳۳۸ |
| ۷۴ | ایرانی کتابی مصوری۔ تاریخ صقلیہ وغیرہ وغیرہ | محمد عبداللہ چغتائی | ۳۳۹ |

Scanned by CamScanner

# فہرست تصاویر


| | | |
|---|---|---|
| علامہ اقبال کا شعر | | چار رنگ |
| علامہ اقبال کے اشعار | | چھ رنگ |
| سوز و ساز | عمل رحمن چغتائی | سہ رنگ |
| مریان | عمل رحمن چغتائی | سہ رنگ |
| قلندر | عمل رحمن چغتائی | سہ رنگ |
| جاوی رقاصہ | اثر ٹیگور | سہ رنگ |
| راجہ جسونت | مغل تصویر | سہ رنگ |
| خلوت | راجپوت تصویر | سہ رنگ |
| نغمہ | اثر اصغر | سہ رنگ |
| راگنی | عمل عنایت اللہ | دو رنگ |
| شب شیراز | اثر اصغر | دو رنگ |
| مینار تاج | قدیم عمارت | دو رنگ |
| ساون رت | عمل ہکوسو ہیرائے (جاپانی) | دو رنگ |
| محبوب | ایس فیورن ڈی مسکوئیا (ہالینڈ) | دو رنگ |
| اسلامی کوزہ گری | | ایک رنگ |
| اسلامی کوزہ گری | | ایک رنگ |
| اندھا فقیر | عمل آنسو کارٹ (جرمنی) | ایک رنگ |
| ایرانی شہزادی | ہرات اسکول | ایک رنگ |
| ماں بچہ (جدید سنگتراشی) | ایلن بوز | ایک رنگ |
| اسکندر (قدیم سنگتراشی) | مائیکل انجیلو | ایک رنگ |
| بدھا (قدیم سنگتراشی) | | ایک رنگ |
| ایک چینی (جدید سنگتراشی) | ڈوراٹور ڈن (روس) | ایک رنگ |
| مغرور ماں (جدید سنگتراشی) | ہرمن گبل | ایک رنگ |
| شبیہ مصور | اثر بہزاد | ایک رنگ |
| جدید عمارت | فوٹوگراف | ایک رنگ |
| بادۂ حافظ | اثر بن جی | ایک رنگ |
| دربار شاہجہان | مغل تصویر | ایک رنگ |
| تصویر نظیر اکبرآبادی | | ایک رنگ |
| تصویر میر حسن دہلوی | | ایک رنگ |
| سلطان محمد ثانی | | ایک رنگ |
| سلطان محمد ثانی - سلطان محمد کا تمغہ - سلطان محمد کے تمغے کا خاکہ | | ایک رنگ |
| سلطان محمد ثانی | جنٹائل بیلینی | ایک رنگ |
| قدیم ترک سپاہی | جنٹائل بیلینی | ایک رنگ |
| قدیم ترک عورت | جنٹائل بیلینی | ایک رنگ |
| مطالعہ | جدید فوٹوگرافی | ایک رنگ |
| تراش | جدید فوٹوگرافی | ایک رنگ |
| سائے | جدید فوٹوگرافی | ایک رنگ |
| نرگس | جدید فوٹوگرافی | ایک رنگ |




Scanned by CamScanner